پیارے نبیؐ کی پیاری زبان ـــــ عربی بذریعہ خط و کتابت

تالیف : مولانا عبد الرحمٰن سورتی

تہذیب و ترتیب: حافظ نذر احمد

ناشر : پرنسپل عربی خط و کتابت سکول۔ ۲۹/۱ محمد نگر۔ علامہ اقبال روڈ۔ لاہور

صفحات : ۳۷۶۔ قیمت کتاب بیس روپے۔ فیس و سند دس روپے (کل تیس روپے)

کتاب کے مصنف مولانا عبد الرحمٰن طاہر سورتی، عربی ادبیات میں سند کی حیثیت رکھتے ہیں۔ حافظ نذر احمد صاحب بھی عربی کے فاضل بزرگ ہیں۔ لہٰذا ظاہر ہے، اپنے موضوع کے اعتبار سے اس کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ کتاب ۵۵ اسباق پر مشتمل ہے اور عربی کا پہلا کورس ہے۔ اس کی مدد سے عربی زبان پر پانچ چھ ماہ کی مختصر مدت میں ایک ذہین آدمی گھر بیٹھے اتنی عربی سیکھ سکتا ہے کہ قرآنِ مجید کا ترجمہ کسی قدر سمجھ سکے اور عربی میں گفتگو کر سکے۔ عرب اور افریقی ممالک میں جانے والوں کے لیے یہ کورس مفید ثابت ہوگا ـــ ہر سبق میں آٹھ یا دس نئے لفظ درج کیے گئے ہیں۔ دو یا تین قاعدے ہیں اور اتنی ہی مشقیں ہیں ـــ آخر میں تمام مشقوں کے حل دیئے گئے ہیں۔ چند امتحانی پرچے کامیابی سے حل کرنے والے کو سند دی جاتی ہے۔

مڈھلی لفظالی

مصنفین : محمد آصف خاں، شریف صابر، سبط الحسن ضیغم

ناشر : پاکستان پنجابی ادبی بورڈ، ۶۔ دیال سنگھ مینشن، شاہراہ قائداعظم، لاہور

صفحات : ۱۴۴۔ قیمت درج نہیں۔

"مڈھلی لفظالی" پنجابی سلسلے کی ایک کتاب ہے، جس میں تمام حروف کے تحت عام استعمال کے بنیادی الفاظ لکھے گئے ہیں۔ پنجابی زبان بھی دیگر علاقائی زبانوں کی طرح ایک سدا بہار زبان ہے اور اس میں علم و ادب کا وسیع ذخیرہ موجود ہے۔ یہاں تک کہ پنجابی (نظم) میں قرآن مجید کی ایک ایسی تفسیر بھی لکھی گئی جو سات ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے اور حضرت حافظ محمد لکھوی کی تصنیف ہے۔ بڑی مقبول تفسیر ہے۔ غالباً قرآن مجید کی یہ پہلی تفسیر ہے جو برصغیر پنجاب میں کسی زبان میں لکھی گئی ـــ "مڈھلی لفظالی" کے مقدمے میں "پہلی گل" کے عنوان سے اور اس کے بعد کے دو صفحوں میں لائق مصنفوں نے جو زبان تحریر کی ہے، وہ ہمارے خیال میں عام پنجابی بول چال کی زبان نہیں ہے۔ خود "مڈھلی لفظالی" ایسا لفظ ہے جس کا سمجھنا ہر شخص کے بس کی بات نہیں۔ زبان وہی لکھنی چاہیے جو عوام کی سمجھ میں آسکے۔ کم از کم پنجابی جاننے والے تو اس کو سمجھ سکیں۔

(م۔ ا۔ ب)